## سوال

(77) تمام سجدے جمع کر کے ادا کرنا؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میں نے اعتکاف کے دوران میں مکمل قرآن مجید کی تلاوت کی ہے، مگر کوئی بھی سجدہ تلاوت نہیں کیا۔ کیا اب تمام سجدے اکٹھے کر سکتی ہوں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سجدہ تلاوت حالت نماز میں تو اسی وقت ادا کیا جانا مسنون ہے۔ تاہم خارج از نماز سجدہ تلاوت کو موخر کیا جا سکتا ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعض مواقع سجدہ تلاوت نہ کرنے کو بعض علماء نے اس کے عدمِ وجوب اور بعض نے اسے موٴخر کرنے پر محمول کیا ہے۔ مگر تمام سجدوں کو جمع کر لینا خلافِ سنت ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ افکارِ اسلامی

## قرآن اور تفسیر القرآن، صفحہ :214

## محدث فتویٰ